
# بگ ڈیٹا کا تجزیہ | اعلیٰ تعلیم اور تحقیق

گزشتہ چند سالوں کے دوران، پاکستان میں 32,640 افراد نے پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی ہے کیمسٹری 2.4 ہزار پی ایچ ڈی کی ڈگری کے ساتھ سرفہرست ہے ، جبکہ اکنامکس اور بایوٹیکنالوجی دونوں میں پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کرنے والوں کی تعداد 0.7 ہزار پائی گئی۔




Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

## بگ ڈیٹا کا تجزیہ
## اعلیٰ تعلیم اور تحقیق

**گزشتہ چند سالوں کے دوران، پاکستان میں 32,640 افراد نے پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی ہے ـــ کیمسٹری 2.4 ہزار پی ایچ ڈی کی ڈگری کے ساتھ سر فہرست ہے، جبکہ اکنامکس اور بایو ٹیکنالوجی دونوں میں پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کرنے والوں کی تعداد 0.7 ہزار پائی گئی۔**

(اسلام آباد)، 24 فروری 2026

گیلپ پاکستان ڈیجیٹل اینالیٹکس ہائر ایجوکیشن ڈیش بورڈ کے مطابق، گزشتہ 10 سالوں کے دوران پاکستان کی 119 جامعات/یونیورسٹیوں سے مجموعی طور پر 32,640 پی ایچ ڈیز مکمل کی گئیں ہیں۔ڈاکٹریٹ ڈگریوں کی یہ تعداد ملک میں اعلیٰ تعلیم اور تحقیق کے شعبے میں نمایاں اضافے کو ظاہر کرتی ہے۔تاہم مختلف مضامین میں پی ایچ ڈی کی تقسیم کچھ اہم رجحانات کی نشاندہی بھی کرتی ہے۔

تمام مضامین میں، کیمسٹری تقریباً 2.4 ہزار پی ایچ ڈی کی ڈگری کے ساتھ سر فہرست ہے۔اس کے بعد ریاضی (1.7 ہزار) اور ایجوکیشن (1.5 ہزار) میں پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کرنے کی شرح سب سے زیادہ پائی گئی ہے۔روایتی سماجی علوم اور ادبیات میں بھی پی ایچ ڈی کے حوالے سے نمایاں شرح دیکھنے میں آئی ہے، جن میں اسلامیات (1.3 ہزار) اور اردو (1.2 ہزار) سر فہرست پانچ شعبوں میں شامل ہیں۔اس کے بعد بنیادی سائنسی مضامین جیسے فزکس (1.0 ہزار)، حیوانیات (0.9 ہزار) اور نباتات (0.9 ہزار) کی شرح نمایاں رہیں۔اس کے مقابلے میں معاشی اور صنعتی اہمیت کے حامل مضامین جیسے اکنامکس (0.7 ہزار) اور بایو ٹیکنالوجی (0.7 ہزار) میں پی ایچ ڈی کی شرح نسبتاً کم رہی۔

چند مخصوص شعبوں میں پی ایچ ڈی کی زیادہ شرح قومی منصوبہ بندی کے حوالے سے اہم سوالات اجاگر کرتی ہے۔پی ایچ ڈی کی تعداد میں اضافہ تو ہو رہا ہے، مگر اصل سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا یہ اضافہ پاکستان کی معاشی ترقی، صنعتی بہتری، ٹیکنالوجی میں آگے بڑھنے اور نئے خیالات پیدا کرنے کی ضروریات کے مطابق ہے؟ یہ کسی بھی مضمون کی اہمیت پر سوال نہیں، بلکہ توازن اور حکمتِ عملی کا معاملہ ہے۔


کسی بھی ملک کا پی ایچ ڈی یا تحقیقی نظام اس کی مستقبل کی کارکردگی اور ترقی پر اثر انداز ہوتا ہے۔اگر اعلیٰ تحقیق اور قومی ترقی کے اہداف میں ہم آہنگی نہ ہو تو پی ایچ ڈی کی بڑھتی ہوئی تعداد بے روزگاری، تعلیمی دباؤ، اور معاشی و ٹیکنالوجی ترقی پر محدود اثرات کا سبب بن سکتی ہے۔

اعلیٰ تعلیم میں اضافہ ایک اہم پیش رفت ہے۔اب اگلا مرحلہ اس کو درست حکمتِ عملی کے ساتھ آگے بڑھانا ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

پی ایچ ڈی کی تعداد کے لحاظ سے سرفہرست 10 شعبے




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

یہ تجزیہ گیلپ انٹر نیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے جاری کیا گیا ہے۔ یہ قومی ریکارڈ سے حاصل کردہ اعلیٰ تعلیم کے اعداد و شمار پر مبنی ہے، جنہیں گیلپ پاکستان ڈیجیٹل اینالیٹکس کے پی ایچ ڈی ڈیش بورڈ کے ذریعے پیش کیا گیا ہے۔مزید تفصیلات گیلپ پاکستان ڈیجیٹل اینالیٹکس کے تیار کردہ ڈیش بورڈ: HEC سے منظور شدہ پی ایچ ڈی اسکالرز میں دیکھی جاسکتی ہیں۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**<u>Tuesday, 24 February 2026</u>**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook: https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll 2026

celebrating 46 years of Gallup Pakistan (1980-2026)